© rasailojaraid.com



ہمراہ تشریف لائے تھے۔ آخر میں شیخ الحدیث حضرت مولانا سید شیر علی صاحب مدظلہ نے خطاب کیا اور دعا فرمائی۔

**سول سروسز اکیڈمی لاہور ۳۵ ویں کامن ٹریننگ پروگرام کے افسران کی دارالعلوم آمد:**

۴/ اپریل بروز جمعہ کو سول سروسز اکیڈمی کے پچاس رکنی وفد نے دارالعلوم کا دورہ کیا۔ وفد کے شرکاء نے دارالعلوم کے تمام اہم شعبوں، درسگاہوں اور دفاتر وغیرہ کا تفصیلی معائنہ کیا اور طلباء وعلماء سے مختلف موضوعات پر تبادلہ خیال بھی کیا۔ انہوں نے دارالعلوم کے شعبوں میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ اور دارالعلوم کے مثالی نظم ونسق اور مربوط تعلیمی نظام کی تحسین کی۔ وفد کے شرکاء کے اعزاز میں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے پر تکلف عصرانے کا اہتمام اپنی رہائش گاہ پر کیا۔ بعد میں وفد کے شرکاء نے حضرت مولانا مدظلہ سے سوالات کئے اور حضرت مولانا مدظلہ نے انہیں تفصیل سے مدرسوں کی اہمیت، افادیت اور دیگر عالمی وملکی سیاسی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی۔

**الرحمان فاؤنڈیشن کے وفد کی دارالعلوم آمد:**

مورخہ ۱۳/ اپریل کو صوبہ سرحد و پاکستان کے معروف یارو لجسٹ ڈاکٹر محمد عیسیٰ خان صاحب کی قیادت میں ساٹھ رکنی وفد نے دارالعلوم کا مطالعاتی دورہ کیا۔ ڈاکٹر صاحب دارالعلوم کے انتہائی مخلصین اور ہمدردوں میں سے ہیں۔ آپ ایک فلاحی تنظیم ''رحمان فاؤنڈیشن'' کافی عرصہ سے چلا رہے ہیں۔ وفد کا استقبال حضرت مولانا حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے کیا اور انہیں تفصیلی بریفنگ بھی دی۔ وفد نے دارالعلوم کے مختلف شعبوں میں اپنی گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔

**دارالعلوم میں علماء کرام کی آمد:**

گزشتہ دنوں جنوبی افریقہ کے مدرسہ زکریا کے معروف عالم دین حضرت مولانا مفتی رضاء الحق صاحب مدظلہ یہاں تشریف لائے۔ آپ کے ہمراہ کینیا کے ممتاز عالم دین جناب مولانا مطیع الرسول علوی، جو مدینہ یونیورسٹی کے قدیم فارغ التحصیل ہیں اور نیروبی میں اہم دینی خدمات گزشتہ ۳۰۔۳۵ برس سے سرانجام دے رہے ہیں اور وہاں پر بہت بڑا اصلاحی وتعلیمی انداز میں ایک عظیم یتیم خانہ چلا رہے ہیں آپ حضرات نے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے تفصیلی ملاقات کی۔

**بین الاقوامی میڈیا کی دارالعلوم آمد:**

فرانس کے معروف دانشور صحافی اور کئی بین الاقوامی موضوعات پر عالمی شہرت کے حامل فرانسیسی محقق جناب گیرارڈ ڈی ویلیرز دارالعلوم تشریف لائے۔ آپ نے دارالعلوم کے مختلف شعبے دیکھے اور حضرت مولانا مدظلہ سے تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیا۔ بعد میں ایک اور فرانسیسی نامور صحافیوں کی ایک ٹیم نے دارالعلوم کا دورہ کیا اور دارالعلوم کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا۔ اور علماء وطلباء سے تفصیلی انٹرویوز لئے۔ وفد میں فرانس کے اخبار L'Express کے ڈوبنگ

© rasailojaraid.com